**بینک دولت پاکستان**

**شعبہ مالیات**

**آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی**

**ایف ڈی سرکلر نمبر 01 برائے 2019ء** **22 مارچ 2019ء**

صدور / سی ای اوز

تمام بینک

## اوور دی کاؤنٹر سے موبائل لیوی کی ادائیگی

براہ مہربانی شعبہ مالیات کا 17 جولائی 2018ء کا سرکلر نمبر 05 اور 17 اکتوبر 2018ء کا سرکلر لیٹر نمبر 09 ملاحظہ فرمایئے، جس میں بینکوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی اوور دی کاؤنٹر (او ٹی سی) سہولتوں کو ٹیکسوں اور ڈیوٹیوں کی وصولی کے قابل بنائیں۔

مختلف حلقوں کی طرف سے یہ شکایات موصول ہو رہی ہیں کہ بینک اوور دی کاؤنٹر سہولت سے ٹیکس ادائیگیوں کی درخواستوں کو نمٹانے سے گریز کر رہے ہیں۔ یہ شکایات اتنی زیادہ ہیں کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے باضابطہ طور پر شکایت درج کرائی ہے کہ بینکوں کی شاخیں کسٹم ادائیگی اور دیگر ٹیکسوں خصوصاً موبائل فونز پر عائد لیوی کی ادائیگی کے لیے وی بوک (WeBOC) نظام سے نکلنے والی پی ایس آئی ڈیز (PSIDs) کو قبول نہیں کر رہے ہیں۔

مذکورہ صورت حال کے پیش نظر تمام بینکوں کو 15 مارچ 2019ء کو ای میل کے ذریعے ہدایت کی گئی تھی کہ وہ ٹیکس دہندگان کو خوش اخلاقی کے ساتھ صارفی خدمات مہیا کریں۔ مذکورہ ہدایات کے باوجود کوئی نمایاں بہتری دیکھنے میں نہیں آئی ہے کیونکہ ہمیں ابھی تک مختلف حلقوں سے ایسی شکایات موصول ہو رہی ہیں۔

لہٰذا ہدایت کی جاتی ہے کہ بینک اپنی ملک بھر میں پھیلی ہوئی شاخوں کو ان ہدایات سے آگاہ کریں اور انہیں تاکید کریں کہ وہ ان پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں اور ون لنک (1 Link) کی اوور دی کاؤنٹر سہولت کے تحت ٹیکس دہندگان کے ٹیکسوں اور ڈیوٹیوں کی ادائیگی میں سہولت دیں۔ برانچیں اپنے متعلقہ نوٹس بورڈز میں نمایاں طور پر اس اعلان **"یہاں ون لنک کی اوور دی کاؤنٹر سہولت کے تحت ٹیکس اور ڈیوٹیاں وصول کی جاتی ہیں"** پر آویزاں کریں۔ مزید بر آں، تمام بینک اس بات کو بھی یقینی بنائیں گے کہ برانچ کا عملہ مذکورہ سہولت کے تحت ٹیکسوں اور ڈیوٹیوں کی وصولی کے طریقہ کار کے بارے میں مناسب سمجھ بوجھ رکھتا ہو۔

بینک اس شعبے کو سرکلر جاری ہونے کی تاریخ کے تین کاروباری دنوں کے اندر یعنی 27 مارچ 2019ء تک آگاہ کریں گے کہ تمام شاخوں کو ان ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کے لیے مطلع کر دیا گیا ہے اور برانچوں کے نوٹس بورڈز نمایاں مقام پر اس پیغام، **"یہاں ون لنک کی اوور دی کاؤنٹر سہولت کے تحت ٹیکس اور ڈیوٹیاں وصول کی جاتی ہیں"** کی نمائش کر رہے ہیں۔

براہ مہربانی وصولی سے مطلع فرمائیے۔

آپ کا مخلص

(سلیم اللہ)

ایگزیکٹو ڈائریکٹر

(ایف آر ایم)